**24.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............... فیصل خان

**Music**

------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی مغربی ایشیا میں جاری جنگ اور اِس سے متعلق بھارت کے موقف کے بارے میں، اب سے کچھ دیر بعد راجیہ سبھا سے خطاب کریں گے۔

☆ سپریم کورٹ نے، اِس فیصلے کو برقرار رکھا ہے کہ صرف ہندو، سکھ یا بودھ عقیدے سے تعلق رکھنے والے افراد، درج فہرست ذاتوں کی حیثیت حاصل کرنے کا دعویٰ کرنے کے اہل ہیں۔

☆ مرکزی وزیر زراعت نے کہا ہے کہ مرکز کی لگاتار کوششوں کے سبب کسانوں کی آمدنی تین گنا ہوئی ہے اور اس میں آٹھ گنا تک اضافہ ہوا ہے۔

☆ آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں اسمبلی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال جاری ہے۔

☆ کولمبیا کے فوجی طیارے کے حادثے میں 66 افراد ہلاک ہوگئے۔ بچاؤ کا کام جاری ہے۔

☆ اور ...... میامی اوپن ٹینس میں، فلوریڈا میں بیلاروس کی کھلاڑی **Aryna Sabalenka** ، کوارٹر فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**RS-PM WEST ASIA**

وزیراعظم نریندر مودی مغربی ایشیا میں جاری جنگ کے بارے میں ، اب سے کچھ دیر بعد راجیہ سبھا سے خطاب کریں گے اور اِس معاملے پر بھارت کے موقف کی وضاحت کریں گے۔

وزیراعظم نے کل اِس صورتحال اور ملک کے شہریوں کی حفاظت کے لئے حکومت کی طرف سے کئے گئے اقدام کے بارے میں لوک سبھا کو جانکاری دی تھی۔

جناب مودی نے اپنے خطاب میں لگاتار بدلتی ہوئی صورتحال پر بھارت کے موقف کے بارے میں اظہار خیال کیا تھا جس میں ملک کی سفارتی سرگرمیاں، علاقائی استحکام سے متعلق تشویش اور عالمی توانائی، نیز تجارتی راستوں پر اثرات بھی شامل ہیں۔

**PM ON INDIA POSITION**

جناب مودی نے کہا تھا کہ بھارت، ہمیشہ انسانیت کے مفاد میں امن کا علمبردار ہے اور اِس مسئلے کا واحد حل، مذاکرات اور سفارت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت، پیٹرول، ڈیزل، تیل، گیس اور کیمیاوی کھادوں کی بلا رکاوٹ سپلائی کو یقینی بنا رہی ہے۔

انہوں نے ایوان کو بتایا کہ بھارت نے پچھلے گیارہ سال میں27 ملکوں سے لے کر 41 ملکوں تک کو، توانائی کے اپنے اہم وسائل فراہم کئے۔ اُس نے کسی واحد خطے پر اپنے انحصار کو بھی کم کیا۔

**PM MODI ON PETROLEUM**

**SC Sheduled Caste Status**

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ ہندو، سکھ، یا بودھ مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد ہی درج فہرست ذاتوں کے تحت فائدے حاصل کرسکتے ہیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ کوئی دوسرا مذہب جیسے عیسائیت اختیار کرنے سے درج فہرست ذات کا درجہ فوری اور مکمل طور پر ختم ہوجاتا ہے۔ آندھراپردیش ہائی کورٹ کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے سپریم کورٹ نے کہا کہ جب کوئی شخص عیسائی مذہب اختیار کرتا ہے اور اِس مذہب کی رسم و روایات کو عملی طور پر اپناتا ہے تو اُس کو درج فہرست ذات کا ممبر نہیں کہا جاسکتا۔ جسٹس P.K.Mishra اور جسٹس منموہن نے مزید واضح کیا کہ وہ دلت افراد، جنھوں نے عیسائی مذہب اختیار کیا ہے، وہ درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل (زیادتیوں سے تحفظ) قانون کے تحت تحفظ کا دعویٰ نہیں کرسکتے۔×

**LS Farmer Income**

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی پائیدار کوششوں کی وجہ سے ملک کے کسانوں کی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ آج لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ کسانوں کی آمدنی نہ صرف دوگنی ہوئی ہے، بلکہ کچھ معاملوں میں یہ تین گنا اور آٹھ گنا تک بڑھ گئی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ زراعت کا بجٹ جو صرف 19 ہزار 306 کروڑ روپے تھا، وہ بڑھ کر اب ایک لاکھ 30 ہزار کروڑ روپے سے بھی زیادہ ہوگیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ملک میں اناج کی پیداوار میں 2014 سے 40 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

**Byte: Shivraj Singh Chouhan**

وزیر موصوف نے کہا کہ پردھان منتری کسان سمان ندھی کے تحت کسانوں کو سالانہ 6 ہزار روپے براہِ راست اُن کے کھاتوں میں دیئے گئے ہیں۔×

**Assmbly Polls**

آسام، کیرالم اور پدوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہو گیا۔ امیدوار جمعرات تک اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ مذکورہ دونوں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ایک ہی مرحلے میں اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو کی جائے گی۔

اس دوران کیرالم میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے عمل کے مکمل ہونے کے بعد انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں سخت مقابلے کیلئے صف بندی ہو گئی ہے۔

اسی طرح آسام میں بھی سیاسی سرگرمیاں تیز ہو گئی ہیں۔ تمام اہم سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں نے عوام کی حمایت حاصل کرنے کیلئے رائے دہندگان تک پہنچنا شروع کر دیا ہے۔×

**Nitin Gadkari NHAI**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ حکومت کسی جمہوری نظام میں عام لوگوں کے فائدے

کیلئے مرکزیت کو ختم کرنے اور سرکاری اثاثوں کو مالی فائدے کا وسیلہ بنانے میں یقین رکھتی ہے۔ جناب گڈکری نے آج NHAI کے تعاون سے راج مارگ انفرا انویسٹمنٹ ٹرسٹ کا آغاز کیا، جو BSE پر لسٹ کیا گیا ہے اور سرمایہ کاروں کی طرف سے مثبت ردّعمل حاصل ہوا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے مزید کہا کہ 2014 سے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے کئی بڑے بنیادی ڈھانچے کے اقدامات شروع کئے ہیں۔

**S/B: Nitin Gadkari**

## Nadda TB Day

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے آج ملک کے شہریوں سے کہا کہ وہ تپ دِق کا خاتمہ کریں اور سبھی کیلئے، خاص طور سے کمزور طبقے کیلئے، بہتر صحت کو یقینی بنائیں۔ اُنہوں نے یہ بات تپ دِق کے عالمی دن کے موقع پر کہی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر صحت نے کہا کہ بھارت نے تپ دِق کے قومی پروگرام کے ذریعے خاطرخواہ پیش رفت کی ہے۔
اِس پروگرام کے ذریعے بچاؤ، تشخیص اور علاج میں بہتری آئی ہے۔ اِس سال کی تھیم ہے:
''ہاں! ہم بھارت کی قیادت میں جَن بھاگیداری کے ذریعے TB کا خاتمہ کرسکتے ہیں''۔
اِس تھیم کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ یہ ملک کے مشترکہ عزم اور TB سے آزاد مستقبل میں یقین کی عکاسی کرتی ہے۔
صحت خدمات کے کارکنوں کی اَنتھک خدمات اور دیکھ بھال کیلئے شکریہ ادا کرتے ہوئے وزیر موصوف نے شہریوں سے TB مُکت اور صحتمند بھارت کیلئے کام کرنے کو کہا۔×

## LS Coperative Sector

مرکزی حکومت نے پورے ملک کے کوآپریٹیو شعبے کو مضبوط کرنے کیلئے پچھلے پانچ برسوں میں پانچ لاکھ کروڑ روپے مہیا کئے ہیں۔ کوآپریٹیو کے وزیر مملکت کرشن پال گرجر نے آج لوک سبھا میں ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات بتائی۔ اُنہوں نے کہا کہ 1963 سے 2014 تک 51 سال کے وقفے میں قومی کوآپریٹیو ترقیاتی کارپوریشن NCDC نے صرف 50 ہزار کروڑ روپے اِس شعبے کو دیئے تھے۔ جناب پال نے بتایا کہ مودی حکومت کیلئے اوّلین ترجیح کسانوں کی فلاح وبہبود ہے اور اِس نظریے کے پیش نظر پہلی مرتبہ حکومت نے شکر کے کوآپریٹیو کارخانوں کو مضبوط کرنے کیلئے دس ہزار کروڑ روپے کے فنڈ کے ساتھ ایک اسکیم لانچ کی ہے۔

**Byte: Krishan Pal**

## AIR India Expres Flights

ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس مشترکہ طور پر آج مغربی ایشیا سے 24 شیڈولڈ اور نان شیڈولڈ پروازیں چلائے گا۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ جدہ سے شیڈولڈ خدمات جاری رہیں گی اور جدہ سے بھارت کے درمیان کُل پروازوں کی تعداد دس ہے۔
اِس میں ایئر انڈیا دِلی سے ایک ریٹرن پرواز اور ممبئی سے دو ریٹرن پروازیں چلائے گا، جبکہ ایئرانڈیا ایکسپریس حیدرآباد اور Kozhikode سے ایک ایک پرواز چلائے گا۔×

**Vaishno Devi Pilgrims**

جموں و کشمیر میں شری ماتا ویشنو دیوی کے مقدس مقام پر جاری نوراتری تہوار کے دوران عقیدتمندوں کی آمد میں زبردست اضافہ دیکھا جا رہا ہے، جہاں گزشتہ چند دنوں میں دو لاکھ سے زیادہ عقیدتمند حاضری دے چکے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ کے مطابق زبردست بھیڑ کے باوجود یاترا کا عمل خوش اسلوبی سے جاری ہے۔×

**Colombian Military Plane**

کولمبیا میں 128 افراد کو لے جانے والا ایک فوجی ٹرانسپورٹ طیارہ گزشتہ روز ملک کے جنوب مغربی حصے میں Take off کے فوراً بعد گرکر تباہ ہوگیا۔ اِس حادثے میں 66 افراد ہلاک ہوگئے ہیں اور درجنوں زخمی ہوئے ہیں۔

جنرل Hugo Alejandro Lapez Barreto نے بتایا کہ اِس ہوائی جہاز میں 128 افراد سوار تھے، جس میں 115 فوجی، 11 عملے کے ممبران اور 2 پولیس والے شامل تھے۔ Barreto نے بتایا کہ 57 افراد کو بچالیا گیا ہے۔ اُنہوں نے مزید بتایا کہ چار فوجی اب بھی لاپتہ ہیں۔×

**Miami Open**

Miami اوپن ٹینس میں بیلاروس کی کھلاڑی Aryna Sabalenka چین کی Zheng Qinwen کو سیدھے سیٹوں میں ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ Sabalenka نے ایک گھنٹے 25 منٹ میں چین کی کھلاڑی کو چھ-تین، چھ-چار سے ہرایا۔ Zheng نے اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا، لیکن Sabalenka نے اہم موقعوں پر اپنا دبدبہ برقرار رکھا۔ اِس جیت کے ساتھ Sabalenka اپنے 15ویں مسلسل WTA کوارٹر فائنل کے سنگ میل پر پہنچ گئی ہیں۔×

**Aus Electric Devices Ban**

آسٹریلیا کی Queensland ریاست حفاظت کے نئے قوانین کے تحت 16 سال سے کم عمر کے بچوں کیلئے الیکٹرک اسکوٹر یا موٹر گاڑیاں چلانے پر پابندی عائد کرے گی۔ Queensland کی ریاستی حکومت نے آج کہا ہے کہ اُس نے 16 سال سے کم عمر کے بچوں پر پابندیوں سمیت ای-موبیلٹی سے متعلق پارلیمانی انکوائری کے ذریعے پیش کی گئی سبھی 28 تجاویز قبول کرلی ہیں۔ نئے قوانین کے تحت ای-اسکوٹر اور ای-بائیک چلانے والوں کیلئے کم از کم Queensland کا Learner ڈرائیونگ لائسنس رکھنا لازمی ہوگا، جس کیلئے عمر کی شرط 16 سال ہے۔×

**Athletics Championship**

ملک میں ٹریک اینڈ فیلڈ کیلئے ایک نئے باب کا آغاز کرتے ہوئے، پہلی قومی اَتھلیٹکس چمپئن شپس آج بھوبنیشور کے کلِنگا اسٹیڈیم میں شروع ہورہی ہے۔ اِس دو روزہ مقابلے میں 278 کھلاڑیوں نے اندراج کرایا ہے، جس میں 97 خواتین شامل ہیں۔ اِس میں سینئر اور اَنڈر ٹوئنٹی دونوں زمروں میں مقابلے منعقد ہوں گے۔ منتظمین کے مطابق اِس ایوینٹ کا مقصد بھارت کے اِنڈور اَیتھلیٹکس کلینڈر کو مضبوط بنانا اور کھلاڑیوں کو سیزن کے آغاز میں مسابقتی موقع فراہم کرانا ہے۔ چمپئن شپس کا افتتاح مردوں کی تین ہزار میٹر دوڑ سے ہوگا، جبکہ یہ مقابلے کل اختتام پذیر ہوں گے۔x

**Rajnath - Raising Day**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آسام رائفلز کے یومِ تاسیس کے موقعے پر فورس کے تمام رینک کے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں وزیر دفاع نے کہا کہ اس فورس نے سرحدی علاقوں کی حفاظت کر کے ملک کے سکیورٹی نظام میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے ملک کے شمال مشرقی حصے کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے اُن کے غیر متزلزل عزم کی تعریف کی اور اُن کی خدمات کو انتہائی قابلِ تحسین قرار دیا۔×

**Delhi FIRE**

قومی خطہ راجدھانی کے بوانا صنعتی علاقے میں آج پلائی ووڈ کے ایک گودام میں آگ لگ گئی۔ دِلی فائر سروس نے بتایا ہے کہ موقع واردات پر 17 آگ بجھانے والی گاڑیاں بھیجی گئی ہیں۔ اُس نے مزید بتایا کہ آگ پر قابو پالیا گیا ہے اور کسی کے ہلاک ہونے کی اطلاع نہیں ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔×

**Trump Iran**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے جنگ کی وزارت کو احکامات جاری کئے ہیں کہ وہ ایران کے بجلی اور توانائی کے بڑے ٹھکانوں پر حملوں کو عارضی طور پر معطل کردے۔ وہائٹ ہاؤس میں خطاب کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے کہا کہ پچھلے دو دنوں میں امریکہ اور ایران کے درمیان ابتدائی بات چیت کی بنیاد پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک بڑے معاہدے کی جانب امریکہ نے ایران کے ساتھ اچھی بات چیت کی ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ امریکہ اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایران کبھی بھی نیوکلیائی ہتھیار حاصل نہ کرے۔ دوسری جانب ایران کی سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ ایران نے واشنگٹن کے ساتھ بات چیت کی تجویز کو سختی کے ساتھ مسترد کردیا ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان کسی طرح کی بات چیت نہیں ہورہی ہے۔×

☆☆☆☆☆